نیو یارک میں NYC

خواتین احترام تحفظ اور وقار کے

ساتھ رہنے اور کام کرنے کی حقدار ہیں

ہراساں کرنا کبھی بھی ٹھیک نہیں ہے۔

نیو یارک سٹی کے حقوق انسانی قانون کے تحت، جو ملک میں مضبوط ترین اور وسیع ترین امتیازمخالف قوانین میں سے ایک ہے، NYC میں آنے، یہاں رہنے یا کام کرنے والی خواتین کو اپنی روزمرہ کی زندگیوں کے بارے میں امتیازی سلوک اور ہراسانی سے پاک رہنے کا حق ہے۔ NYC کا کمیشن برائے حقوق انسانی، امتیازی سلوک سے نبرد آزما ہونے اور NYC کے حقوق انسانی قوانین کو نافذ کرنے کی ذمہ دار سٹی کی ایجنسی، یہ یقینی بنانے کے لیے لڑتی ہے کہ سبھی خواتین کے ساتھ وقار اور احترام کا برتاؤ کیا جاتا ہے۔

آپ کی تحفظ یافتہ حیثیت جیسے صنف اور صنفی شناخت، نسل، رنگ، مذہب/مسلک، قومی بنیاد، معذوری، جنسی رجحان، ترک وطنی کی حیثیت یا دیگر تحفظ یافتہ حیثیت کی بنیاد پر امتیازی سلوک NYC میں غیر قانونی ہے۔ اگر آپ امتیازی سلوک یا ہراسانی کی شکار ہوئی ہیں تو NYC کے کمیشن برائے حقوق انسانی کو 311 پر کال کرکے اور حقوق انسانی کے بارے میں پوچھ کر یا براہ راست کمیشن کو 3131-722 (718) پر کال کرکے اس کی اطلاع دیں۔

NYC کے حقوق انسانی قانون کے تحت خواتین اور دیگر زمروں کے لیے تحفظات سے متعلق مزید معلومات کے لیے **NYC.gov/HumanRights ملاحظہ کریں۔**

ملازمت کے وقت ہراسانی

NYC کا حقوق انسانی قانون ملازمت کے وقت ہراسانی سے خواتین کا تحفظ اس طرح کرتا ہے کہ آجروں یا رفقائے کار کے لیے خواتین کے ساتھ غلط برتاؤ کرنا یا ان کی صنف، حمل یا نگراں کے بطور حیثیت کی وجہ سے ان کے ساتھ مختلف طریقے سے برتاؤ کرنا غیر قانونی قرار دیتا ہے۔ اس کے علاوہ، خواتین اپنے حمل، وضع حمل یا متعلقہ طبی کیفیت کی بنیاد پر کام پر معقول سہولیات کی مستحق ہیں تاکہ یہ یقینی بنایا جائے کہ کسی بھی خاتون کو اپنی نوکری اور ایک صحت مند استقرار حمل کے بیچ انتخاب نہ کرنا پڑے۔

NYC کا حقوق انسانی قانون درج ذیل میں امتیازی سلوک ممنوع قرار دیتا ہے:

- **ملازمت پر رکھنا، برخاست کرنا اور کام کی تفویضات**
- **تنخواہ، فوائد اور معاوضہ کی دیگر شکلیں۔**
- **ترقی یا تنزلی**
- **کارکردگی کی قدر پیمائیاں**
- **کوئی اور ایسا فیصلہ جو ملازمت کی شرائط و ضوابط پر اثر ڈالتا ہو**

ہراسانی کی نشاندہی کرنے میں آپ کی مدد کے لیے منظر نامے:

ایک خاتون کے پاس اس کا سپروائزر پہنچ جاتا ہے، جس نے متعدد مواقع پر اس سے ڈیٹنگ کے بارے میں پوچھا ہے اور اس سے کہا گیا ہے کہ "پاکیزہ خواتین کو ترقی نہیں ملتی ہے اور بہتر ہے کہ آپ پروگرام کے مطابق کام کریں۔"

ریستوراں کی ایک خدمتگار کو ایک مستقل گاہک ہراساں کرتا ہے، جو بار اس کی جانگھوں اور اس کی سرین پر کچوٹتا ہے اور اسے گاہک کے ساتھ گھر جانے کی دعوت دیتا ہے۔ وہ خدمتگار اپنے مینیجر کو معاملے کے بارے میں بتاتی ہے اور پوچھتی ہے کہ آیا اس گاہک کے آنے پر اسے دوسری میز تفویض کی جا سکتی ہے، لیکن مینیجر انکار کر دیتا ہے۔

سڑک پر یا دیگر عوامی جگہوں پر ہراسانی

NYC کا حقوق انسانی قانون سڑک پر، عوامی جگہوں پر، اور دیگر ہر قسم کی عوامی سہولیات جیسے کہ ریستوران اور جم میں صنف پر مبنی ہراسانی کو ممنوع قرار دیتا ہے۔ خواتین کو محض اس وجہ سے کہ وہ خواتین ہیں، ہراساں یا غلط برتاؤ کیے جانے کے خوف کے بغیر ڈاکٹر کے پاس اپائنٹمنٹ میں جانے، ریستوراں میں جا کر کھانے، اور دیگر عوامی سہولیات کا لطف اٹھانے کا حق ہے۔

عوامی سہولیات کو صنف سے قطع نظر اپنی اشیاء اور خدمات تک مساوی رسائی فراہم کرنا ضروری ہے۔ عمومی کاروبار اور عوامی سہولیات کی جن جگہوں پر خواتین کو تحفظ حاصل ہے ان میں مثالوں میں شامل ہیں:

- **اسٹور**
- **بینک**
- **میڈیکل یا ڈینٹل کے دفاتر**
- **سرکاری ایجنسیاں**
- **بیئر سیلونز**
- **ہسپتال**
- **ہوٹل**
- **تھیٹر**
- **ریستوراں**
- **اسکول**

ہراسانی کی نشاندہی کرنے میں آپ کی مدد کے لیے منظر نامے:

کیمپس میں ایک خاتون کے پاس ایک شناسا فرد آتا ہے اور کہتا ہے "ہائے سہانی (جبکہ وہ جارحانہ انداز میں اس خاتون کی کلائی پکڑ کر کھینچتا ہے)، میں تمہیں اپنے کمرے کے عقب میں لے چل رہا ہوں تاکہ تمہیں پتہ چل جائے کہ ایک حقیقی مرد کی معیت کیسی ہوتی ہے۔"

ایک خاتون کے کام پر جاتے ہوئے اس کے راستے میں اس کا پڑوسی ملتا ہے۔ پڑوسی اس کی مرضی کے برخلاف جارح انداز میں اسے کندھا مارتا ہے اور کہتا ہے، "خوبصورت خواتین کو رات میں تنہا پیدل نہیں چلنا چاہیے، تمہیں پتہ نہیں ہے کہ کیا کچھ ہو سکتا ہے۔"

NYC Commission on Human Rights

NYC.gov/HumanRights @NYCCHR